# نیو یارک سٹی کی اپارٹمنٹ بلڈنگز کے لیے فائر اور ایمرجنسی پری-پارڈنیس بلیٹن

## 2025ء تا 2026ء

FDNY
www.nycgov/fdny
© TM City of New York

یہ سالانہ بلیٹن نیو یارک سٹی فائر ڈیپارٹمنٹ (FDNY) کی جانب سے تیار کیا جاتا ہے۔ اپارٹمنٹ بلڈنگ کے مالکان اس دستاویز کو رہائشیوں اور عملے میں تقسیم کرنے کے پابند ہیں۔ براہِ مہربانی اپنی اور اپنے پیاروں کی حفاظت کے لیے یہ معلومات ضرور پڑھیں۔

### اس شمارے میں

**بیٹری سے بھڑکنے والی آگ**

لیتھیم آئن بیٹریاں جان لیوا آگ کا سبب بن سکتی ہیں (صفحات 1 تا 2)۔

**آپ کی عمارت میں آگ سے حفاظت**

اپنی عمارت کی فائر سیفٹی گائیڈ اور نوٹس سے آگاہی حاصل کریں (صفحات 2 تا 3)۔

**ایکٹیو شوٹر سے ہنگامی صورتحال**

یہ سیکھیں کہ شہریوں کو کیا کرنا چاہیے (صفحہ 4)۔



## اپنے گھر میں موجود لیتھیم آئن بیٹریوں کے بارے میں محتاط رہیں!

لیتھیم آئن بیٹریاں ری چارج ہونے والی بیٹریاں ہوتی ہیں۔ یہ الیکٹرک بائیکس اور اسکوٹرز، گاڑیوں، لیپ ٹاپس، ٹیبلٹس، فون اور عام گھریلو آلات میں پائی جاتی ہیں۔

لیتھیم آئن بیٹری سے بھڑکنے والی آگ نیو یارک سٹی میں اموات، سنگین زخمی ہونے اور املاک کو تباہ کن نقصان پہنچانے کا باعث بن چکی ہیں۔ زیادہ تر آگ اس وقت لگتی ہے جب لوگ ای بائیکس اور ای اسکوٹرز جیسے آلات کے لیے غیر سرٹیفائیڈ، خراب یا غیر قانونی طور پر تبدیل کی گئی بیٹریاں استعمال کرتے ہیں۔ لیکن حتیٰ کہ سرٹیفائیڈ بیٹریاں بھی اگر درست طریقے سے استعمال یا چارج نہ کی جائیں تو فوراً خطرناک ثابت ہو سکتی ہیں۔

### لیتھیم -آئن بیٹری کے بارے میں آپ کو 911 پر کب کال کرنی چاہیے؟

- اگر آپ کو بیٹری میں کسی قسم کی بو، ساخت یا رنگ کی تبدیلی، لیکیج، یا غیر معمولی آوازیں محسوس ہوں تو 911 پر کال کریں۔
- اگر آپ کی بیٹری ظاہری طور پر خراب ہو یا کسی نااہل شخص نے اس کی مرمت کی ہو تو 911 پر کال کریں۔

### ہنگامی صورتحال میں آپ اور کیا کر سکتے ہیں؟

- فوراً بیٹری کا استعمال بند کر دیں۔
- اگر محفوظ ہو تو بیٹری کو باہر لے جائیں یا اسے ہر اس چیز سے دور رکھیں جو آگ پکڑ سکتی ہو۔

## اپنے گھر میں آگ کا خطرہ مول نہ لیں۔

- غیر مصدقہ، غیر قانونی یا آفٹر مارکیٹ لیتھیم آئن بیٹریاں نہ خریدیں۔
- لیتھیم آئن بیٹریوں کو بنانے، چھیڑ چھاڑ کرنے یا مرمت کرنے کی کوشش نہ کریں۔
- لیتھیم آئن بیٹری کو ایکسٹینشن کارڈ یا پاور اسٹرپ کے ذریعے چارج نہ کریں۔
- خراب یا استعمال کی مدت پوری کر چکی بیٹریاں اپنے اپارٹمنٹ میں نہ رکھیں۔
- لیتھیم آئن بیٹری کو اپارٹمنٹ کے دروازے یا کھڑکی کے قریب چارج نہ کریں کیونکہ آگ آپ کے فرار کا راستہ بند کر سکتی ہے۔
- کسی آلے یا بیٹری کو اپنے بستر یا صوفے پر یا ان کے قریب، یا پردوں، کاغذات یا کسی بھی ایسی چیز کے قریب چارج نہ کریں جو آسانی سے جل سکتی ہو۔
- اپنی بیٹری کو رات بھر یا بغیر نگرانی کرتے ہوئے چارج نہ کریں۔

## لیتھیم آئن بیٹری کی حفاظت کے حوالے سے پیشگی اقدامات کریں!

- ای بائیکس، ای اسکوٹرز اور بیٹریاں قابلِ اعتماد ذرائع سے خریدیں۔ یقینی بنائیں کہ وہ مصدقہ (CERTIFIED) ہوں۔ یو ایل لیبلز تلاش کریں (UL 2849، 2272، یا 2271)۔
- مصنوعات کے لیے مینوفیکچررز کی ہدایات پر عمل کریں۔ آلے کے ساتھ فراہم کی گئی اصل بیٹری، پاور اڈاپٹر اور پاور کارڈ استعمال کریں، یا وہ متبادل پرزہ جات استعمال کریں جن کی سفارش مینوفیکچرر نے کی ہو۔

- اگر ممکن ہو تو اپنی ای بائیک، ای اسکوٹر اور بیٹریوں کو اپنی عمارت کی جانب سے مقرر کردہ محفوظ چارجنگ ایریا میں چارج کریں۔ اپنی عمارت یا آجر سے پوچھیں کہ آیا وہ محفوظ چارجنگ اور اسٹوریج کی سہولت فراہم کر سکتے ہیں۔ بصورتِ دیگر، اگر ممکن ہو تو مائیکرو موبیلیٹی ڈیوائسز اور بیٹریوں کو باہر چارج اور محفوظ کریں۔ اگر آپ کو لازماً اپنی بیٹری اپارٹمنٹ میں چارج کرنی ہو تو ہوشیار رہیں۔
- بیٹریوں کی مؤثر مدت کے اختتام پر انھیں باحفاظت تلف کرنے کے طریقے تلاش کریں۔

اگر آپ پرانی بیٹری تبدیل کر رہے ہیں تو اسے فوراً اپنے گھر سے باہر نکال دیں، چاہے وہ خراب نہ بھی ہو۔ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے لیتھیم آئن بیٹریوں کو کبھی بھی اپنے کچرے یا عمارت کے کوڑے میں نہ ڈالیں۔ یہ خطرناک ہے! پرانی بیٹریوں اور آلات کو محفوظ طریقے سے کہاں اور کیسے جمع کرانا ہے، یہ جاننے کے لیے NYC ڈیپارٹمنٹ آف سینیٹیشن کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

https://www.nyc.gov/site/dsny/collection/get-rid-of/batteries.page

**اپ ڈیٹس کے لیے ڈی ایس این وائی (DSNY) کی ویب سائٹ باقاعدگی سے ضرور چیک کریں!!**

## اپنے اپارٹمنٹ میں کسی بھی آگلگنے کی صورت میں، باہر جاتے وقت ہمیشہ دروازہ بند کریں!

- آگلگنے کے دوران اپنے اپارٹمنٹ سے نکلتے وقت اپنے پیچھے دروازہ بند کرنا نہایت اہم ہے۔ **کیوں؟** بند اپارٹمنٹ اور سیڑھیوں کے دروازے دھوئیں اور آگ کو اپارٹمنٹ کے اندر محدود رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور عوامی راہداریوں کو شعلوں، گرمی اور دھوئیں سے اتنی دیر تک محفوظ رکھتے ہیں کہ دوسرے لوگ باہر نکل سکیں اور فائر فائٹرز اندر داخل ہو سکیں۔
- احتیاطاً اپارٹمنٹ اور سیڑھیوں کے دروازے ہمیشہ بند رکھے جانے چاہیں۔
- آپ کی اپارٹمنٹ بلڈنگ میں تمام سیڑھیوں کے دروازوں کے ہال وے کوریڈور کی جانب "(ڈیا دروازہ بند کر دیں کے نوٹس "(Close the Door Notices آویزاں ہونے چاہیں۔



NYC ایڈمن کوڈ
§15-135

**آگآتشزدگی کی صورت میں اپنے پیچھے تمام دروازے بند کریں!**

آگ اور دھوئیں کو عمارت کی راہداریوں اور سیڑھیوں سے باہر رکھیں۔

باقی تمام اوقات میں اپارٹمنٹ اور سیڑھیوں کے دروازے بند رکھیں۔ اپنے پڑوسیوں اور اپنے گھر کی حفاظت کریں!



NYC ایڈمن کوڈ
§15-135

**آگآتشزدگی کی صورت میں اپنے پیچھے تمام دروازے بند کر دیں!**

آگ اور دھوئیں کو عمارت کی راہداریوں اور سیڑھیوں سے باہر رکھیں۔

باقی تمام اوقات میں اپارٹمنٹ اور سیڑھیوں کے دروازے بند رکھیں۔ اپنے پڑوسیوں اور اپنے گھر کی حفاظت کریں!

اگر "Close the Door Notices" آویزاں نہیں کیے گئے ہیں تو اپنی عمارت کے مالک یا منیجر سے رابطہ کریں، یا ایف ڈی این وائی (FDNY) کو ای میل FDNY.BusinessSupport@fdny.nyc.gov کے ذریعے مطلع کریں یا 311 پر کال کریں (فائر ڈپارٹمنٹ کے کسٹمر سروس سینٹر کے بارے میں پوچھیں)۔

## کیا آپ کو اپنی اپارٹمنٹ بلڈنگ کی ایمرجنسی پری-پارڈنیس گائیڈ اور ایویکیویشن پلاننگ چیک لسٹ موصول ہوئی ہیں؟

2024 کی نیو یارک سٹی اپارٹمنٹ بلڈنگ ایمرجنسی پری-پارڈنیس گائیڈ میں آپ کی عمارت سے متعلقہ معلومات نیز آگ، طوفان، دھماکے یا دیگر ہنگامی صورتحال کے دوران کیا کرنا ہے، کے بارے میں ہدایات شامل ہیں۔ اس میں آپ کو ایک مفید ایمرجنسی پری-پارڈنیس/ایویکیویشن پلاننگ چیک لسٹ بھی ملے گی۔



نیو یورک اپارٹمنٹ بلڈنگ
انفرادی ہنگامی تیاری/انخلا منصوبہ بندی کی چیک لسٹ

**مرحلہ #1: ہنگامی تیاری کے بارے میں اپنی آگاہی بڑھائیں**

- آگ اور دیگر اقسام کی ہنگامی صورتحال اور ان کے لیے تیاری کے طریقوں کے بارے میں جاننے کے لیے **ایف ڈی این وائی (FDNY) کی جانب سے جاری کردہ NYC اپارٹمنٹ بلڈنگ ایمرجنسی پری۔ پارڈنیس گائیڈ** کو پڑھیں۔ آپ کو یہ گائیڈ لیز پر دستخط کے وقت اور اس کے بعد ہر 3 سال میں ایک مرتبہ عمارت کے مالک/منیجر کی جانب سے مل جانی چاہیے، اور یہ ایف ڈی این وائی کی ویب سائٹ (http://www1.nyc.gov/site/fdny/codes/fire-department-rules/fire-dept-rules.page) پر دستیاب ہے۔
- گائیڈ کے ساتھ فراہم کردہ بلڈنگ انفارمیشن شیٹ کا جائزہ لیں تاکہ اپنی عمارت کی تعمیر، آگ سے تحفظ کے نظام اور اخراجی راستوں کے بارے میں معلومات حاصل ہو سکیں، نیز آگ سے متعلق حفاظتی نوٹس جو عمارت کے مالک/منیجر پر آپ کے اپارٹمنٹ کے داخلی دروازے پر آویزاں کرنا لازم ہے۔
- ہنگامی الرٹس کے لیے NYC.gov/notifynyc پررجسٹر ہوں یا ایپل/اینڈرائیڈ صارفین کے لیے ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

**مرحلہ #2: انخلا کیلئے اپنا منصوبہ تیار کرکے رکھیں**

- اپنے اور اپنے خاندان کے لیے انفرادی انخلا منصوبہ تیار کرنے کے لیے نیچے دی گئی چیک لسٹ مکمل کریں۔
- یہ چیک لسٹ اُن تجویز کردہ اقدامات کی نشاندہی کرتی ہے جو آپ ہنگامی صورتِ حال میں اپنی عمارت سے انخلا کی تیاری کے لیے پیشگی طور پر اختیار کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ ہنگامی تیاری کے بارے میں خود کو آگاہ کریں اور انخلا کا منصوبہ مکمل کریں، تو آپ ہنگامی صورتِ حال میں بہترین لائحۂ عمل کے بارے میں باخبر فیصلہ کرنے کے لیے تیار ہوں گے۔

**A. Know Your Building**-گائیڈ کے سیکشنز 5 اور 6 نیز اپنی بلڈنگ انفارمیشن شیٹ کو ملاحظہ فرمائیں۔

<u>عمارت کی تعمیر</u>

- ☐ غیر آتش گیر/فائر پروف
- ☐ غیر آتش گیر/فائر پروف (ان سب پر نشان لگائیں جو لاگو ہوں):
  - ☐ میری فائر اسکیپ ونڈو آسانی سے کھل جاتی ہے
  - ☐ میری فائر اسکیپ ونڈو کی اندر اور باہر والی جگہ رکاوٹ سے پاک ہے

<u>ساحلی طوفان میں انخلا کا زون</u>

*اپنا زون "NYC.gov/KnowYourZone" پر معلوم کریں یا 311 پر کال کریں (ویڈیو ریلے کے لیے 212-639-9675 ملائیں)*

- ☐ میرے اپارٹمنٹ کی بلڈنگ ساحلی طوفان میں انخلا کے زون میں نہیں ہے
- ☐ میری اپارٹمنٹ بلڈنگ ساحلی طوفان میں انخلا کے زون # میں آتی ہے___________

اگر انخلا کرنا پڑے تو آپ کہاں قیام کریں گے؟

☐ خاندان، ☐ دوست، ☐ ساتھی کارکن، ☐ ہوٹل

کیا آپ اپنا پالتو جانور ساتھ لا سکتے ہیں؟

☐ جی ہاں ☐ نہیں

*اگر ساحلی طوفان کے دوران انخلا کے وقت آپ (اور آپ کے پالتو جانور) کے لیے پناہ گاہ درکار ہو، تو قریبی سٹی ایویکیویشن سینٹر کا مقام جاننے کے لیے 311 پر کال کریں*




---

## کیا آپ کے اپارٹمنٹ کے دروازے پر فائر سیفٹی کا نوٹس موجود ہے؟

آپ کے نیو یارک سٹی اپارٹمنٹ کے مرکزی داخلی دروازے کے اندر ان فائر سیفٹی نوٹس میں سے <u>ایک</u> کا ہونا لازمی ہے۔ یہ نوٹس عمارت کی تعمیر کی نوعیت اور آگ کے مقام کے مطابق آگ لگنے کی صورت میں کیا کرنا ہے، کے بارے میں ممکنہ طور پر جان بچانے کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

| آپ ایک آتشگیر (غیر فائر پروف) عمارت میں موجود ہیں | یا | آپ ایک غیر آتشگیر(فائر پروف) عمارت میں موجود ہیں |
|---|---|---|
| **آگ سے بچاؤ کی اطلاع**<br><br>**آگ لگنے کی صور ت میں ، پرسکو ن رہیں۔فائر ڈپارٹمنٹ کو اطلاع دیں اور فائر ڈپارٹمنٹ کے اہلکاروں کی ہدایات پرعمل کریں۔ اگر آپ کو فوری کارروائی کرنے کی ضرورت ہو تو درج ذیل معلومات کو مدنظر رکھتے ہوئے محفوظ ترین کارروائی کے طریقے کے بارے میں اپنی سمجھ بوجھ استعمال کریں:**<br><br>آپ ایک آتشگیر (غیر فائر پروف) عمارت میں موجود ہیں<br><br>**<u>اگر آگ آپ کے اپارٹمنٹ میں لگی ہوئی ہے</u>**<br><br>• جس کمرے میں آگلگی ہو اس کا دروازہ بند کر دیں اور اپارٹمنٹ سے باہر نکل جائیں۔ | | **آگ سے بچاؤ کی اطلاع**<br><br>**آگ لگنے کی صور ت میں ، پرسکو ن رہیں۔فائر ڈپارٹمنٹ کو اطلاع دیں اور فائر ڈپارٹمنٹ کے اہلکاروں کی ہدایات پرعمل کریں۔ اگر آپ کو فوری کارروائی کرنے کی ضرورت ہو تو درج ذیل معلومات کو مدنظر رکھتے ہوئے محفوظ ترین کارروائی کے طریقے کے بارے میں اپنی سمجھ بوجھ استعمال کریں:**<br><br>آپ ایک غیر آتشگیر(فائر پروف) عمارت میں موجود ہیں<br><br>**<u>اگر آگ آپ کے اپارٹمنٹ میں لگی ہوئی ہے</u>**<br><br>• جس کمرے میں آگلگی ہو اس کا دروازہ بند کر دیں اور اپارٹمنٹ سے باہر نکل جائیں۔ |

آپ کی عمارت کے مالک یا منیجر کے لیے پری-پارڈنیس گائیڈ اور درست فائر سیفٹی نوٹس فراہم کرنا لازم ہے۔ اگر آپ کے اپارٹمنٹ کے دروازے کے اندر فائر سیفٹی نوٹس موجود نہیں ہے تو اپنی عمارت کے مالک/منیجر یا ایف ڈی این وائی (FDNY) سے رابطہ کریں (FDNY.BusinessSupport@fdny.nyc.gov پر ای میل کریں یا 311 ڈائل کریں)۔

# ایکٹیو شوٹر کی ہنگامی صورتحال

اگر آپ کسی ایکٹیو شوٹر یا پرتشدد حملہ آور کے قریب ہوں تو نیو یارک سٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ (NYPD) شہریوں کو **"دور ہٹ جانے ، مورچہ بند ہونے، مقابلے کیلئے تیار رہنے (avoid, barricade, confront)"** کی حکمتِ عملی اختیار کرنے کی سفارش کرتا ہے۔ جب محفوظ ہوں تو 911 ڈائل کریں۔ چوکنا رہیں اور درج ذیل حفاظتی اقدامات پر عمل کرتے ہوئے اپنی حفاظت کے لیے تیار رہیں۔

## اجتناب کریں



- اگر محفوظ طور پر ممکن ہو تو فوراً عمارت سے باہر نکل جائیں۔
- اپنی کوئی ذاتی اشیاء ساتھ نہ لے جائیں۔
- اگر ممکن ہو تو لفٹس اور ایسکلیٹرز سے گریز کریں۔ سیڑھیوں کا استعمال کریں۔
- سیڑھیاں استعمال کرتے وقت دیوار کے قریب رہیں تاکہ امدادی اہلکار تیزی سے آپ کے پاس سے گزر سکیں۔

## مورچہ بندی (Barricade)



- اگر آپ محفوظ طریقے سے علاقہ نہیں چھوڑ سکتے تو کسی اپارٹمنٹ یا دوسرے کمرے میں چلے جائیں اور اگر ممکن ہو تو دروازہ بند کر کے تالا لگا دیں۔
- دروازے پر بڑی اور بھاری اشیاء سے روک لگا دیں تاکہ حملہ آور کے لیے اندر داخل ہونا مشکل ہو جائے۔ آپ صوفے، میزیں، کرسیاں، ڈریسرز وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں۔
- اگر ممکن ہو تو کسی بڑی اور مضبوط چیز کے پیچھے چھپ جائیں، اور فائر ہونے والی گولیوں سے بچنے کے لیے کمر کے برابر اونچائی سے نیچے رہنے کی کوشش کریں۔
- خاموش اور ساکن رہیں۔ لائٹس اور شور پیدا کرنے والے تمام ذرائع بند کر دیں۔ اپنے فون اور دیگر ڈیوائسز کو سائلنٹ پر کر دیں، وائبریٹ پر نہیں۔
- ایسی اشیاء تلاش کریں جنہیں آپ عارضی ہتھیار کے طور پر استعمال کر سکیں (جیسے قینچی، کوٹ ریک، میز یا کرسی کی ٹانگ وغیرہ)۔



## مقابلے کیلئے تیار رہیں (Confront)

- آخری چارۂ کار کے طور پر، اگر آپ کی جان فوری خطرے میں ہو اور آپ نہ بھاگ سکیں اور نہ چھپ سکیں تو اپنا دفاع کریں۔
- حملہ آور کے خلاف براہِ راست کارروائی کریں۔
- حملہ آور کو اچانک، تیزی اور بھرپور قوت کے ساتھ حتیٰ الامکان شدید انداز میں اپنے قابو میں کرنے کی کوشش کریں۔ اگر ممکن ہو تو دستیاب ہتھیار استعمال کریں۔
- اگر آپ دیگر لوگوں کے ساتھ ہوں تو مل کر حملہ آور پر قابو پانے کی کوشش کریں۔

اگر واقعے کے دوران آپ کا سامنا قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں سے ہو تو یاد رکھیں کہ جواب دینے والے افسران آپ کے ہاتھوں پر توجہ مرکوز کریں گے۔ اپنے ہاتھ سامنے کی جانب، کھلے ہوئے، اور سر کے اوپر رکھیں اور سب سے اہم بات یہ کہ خالی رکھیں۔

این وائی سی ایمرجنسی مینیجمنٹ ہر قسم کی ہنگامی صورتحال کے لیے اضافی نکات اور معلومات فراہم کرتا ہے۔
"میں ایک فعال شوٹر سے کیسے بچ سکتا ہوں؟ (How Do I Survive an Active Shooter?)" یہاں دستیاب ہے۔
https://plannownyc.cityofnewyork.us/active-shooter/.